**07-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ NDA کے لیڈر نریندر مودی نے حکومت کی تشکیل کا دعویٰ پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اتحاد ایک مضبوط، مستحکم اور ترقی کی جانب رواں حکومت کی تشکیل کرے گا۔

☆ جناب مودی اتوار کو تیسری مدت کے لیے وزیرِاعظم کے عہدے کا حلف لیں گے۔

☆ RBI نے ادائیگیوں میں دھاندلی کے خطرات کو کم کرنے کی غرض سے ڈیجیٹل ادائیگیوں سے متعلق ایک انٹیلی جنس پلیٹ فارم بنانے کے مختلف پہلوؤں کا تجزیہ کرنے کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔

☆ ملک کا غیرملکی زرِ مبادلہ پہلی مرتبہ چار اعشاریہ آٹھ ارب ڈالر کے اضافے کے ساتھ اپنی سب سے بلند ترین سطح 651 ارب ڈالر پر پہنچ گیا ہے۔

☆ اور نشانے بازی میں، صفت کور سمرا نے، میونخ میں ISSF رائفل مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**NDA MEETING**

BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی اتوار کو تیسری مرتبہ وزیرِاعظم کے عہدے کا حلف لیں گے۔ حلف برداری کی

تقریب شام چھ بجے راشٹرپتی بھون میں ہوگی۔ مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے نئی دلی میں آج NDA پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ کے دوران یہ بات بتائی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نریندر مودی اور ان کی نئی کابینہ کو حلف دلائیں گی۔

NDA کے لیڈروں نے آج صدر جمہوریہ سے ملاقات کی، اور نئی حکومت کی تشکیل کا دعوی پیش کیا۔ اِس سے قبل دن میں NDA پارلیمانی پارٹی نے اتفاق رائے سے نریندر مودی کو اپنا لیڈر منتخب کیا۔ NDA پارلیمانی پارٹی کی یہ میٹنگ نئی دلی کی پرانی پارلیمنٹ کی عمارت کے مرکزی ہال میں منعقد ہوئی۔

BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ نے جناب مودی کو NDA کے لیڈر کے طور پر منتخب کیے جانے کی تجویز پیش کی جس کی تائید NDA کے سبھی اتحادی پارٹیوں کے لیڈروں نے کی۔

جناب مودی کو لوک سبھا میں BJP لیڈر اور BJP پارلیمانی پارٹی لیڈر بھی منتخب کیا گیا۔

جناب مودی کے نام کی تجویز پیش کرتے ہوئے راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ اِس عہدے کے لیے وہ سب سے موزوں شخصیت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ اتحاد کوئی دباؤ نہیں بلکہ یہ ہمارا عزم ہے۔ مرکزی وزیر امت شاہ اور نتن گڈکری نے اِس تجویز کی تائید کی۔

TDP کے سربراہ چندر بابو نائیڈو نے کہا کہ نریندر مودی کی پیش بینی پر مبنی قیادت میں NDA حکومت نے پچھلے دس برس میں کئی اہم اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں قابل ذکر پیش رفت ہوئی ہے اور کئی چیزیں یکسر تبدیل ہو گئی ہیں۔

S/B- Chandrababu Naidu

جناب نائیڈو نے کہا کہ بھارت کو صحیح وقت پر صحیح لیڈر کی قیادت حاصل ہے اور وہ نریندر مودی ہے۔ وزیراعظم مودی کے تئیں اپنی حمایت پیش کرتے ہوئے بہار کے وزیراعلیٰ اور JDU کے صدر نتیش کمار نے کہا کہ وہ جناب مودی کی قیادت میں مل کر کام کریں گے۔ جناب کمار نے کہا کہ جناب مودی نے ملک کی خدمت انجام دی ہے اور جو کچھ باقی رہ گیا ہے وہ نئی مدت میں مکمل کریں گے۔

S/B - Nitish Kumar

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ اور شیو سینا شنڈے گروپ کے لیڈر جناب ایک ناتھ شنڈے، LJP (R) کے سربراہ چراغ پاسوان، NCP کے لیڈر اجیت پوار، جَن سینا کے سربراہ پون کلیان، اپنا دل ایس کی لیڈر انوپریا پٹیل اور JDS کے لیڈر HD کماراسوامی نے بھی اِس تجویز کی حمایت کی۔

اِس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ NDA ایسی پارٹیوں کا کوئی گروپ نہیں ہے جو اقتدار کے لیے یکجا ہو گئی ہوں بلکہ یہ ایک اتحاد ہے جو ملک کو اولیت دینے کے جذبے کے ساتھ کام کرنے کا پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی تاریخ میں NDA سب سے کامیاب اتحاد ہے اور ہمارا مقصد سبھی فیصلوں میں اتفاق

رائے تک رسائی حاصل کرنا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ آج ملک کے عوام نے NDA کو موقع دیا ہے کہ وہ 22 ریاستوں میں حکومت تشکیل کر کے اُن کی خدمت انجام دے۔

جناب مودی نے کہا کہ NDA حکومت بہتر حکمرانی، ترقی اور عام شہریوں کی زندگی میں کم از کم مداخلت پر توجہ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے دس برسوں میں NDA حکومت نے ملک کو کامیابی کی نئی بلندیوں تک پہنچانے کے لیے کام کیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ NDA قیادت کے سبھی عمائدین کے درمیان ایک بات مشترک ہے اور وہ ہے بہتر حکمرانی۔

S/B- Narendra Modi

اپنے خطاب میں جناب مودی نے اپوزیشن اتحاد کی یہ کہہ کر نکتہ چینی کی کہ جب نتائج کا اعلان ہو گیا تو انہیں اِس بات کی تشویش تھی کہ آیا الیکٹرونک ووٹنگ مشینیں زندہ ہیں یا مر گئیں۔ ان کا اشارہ EVM میں دھاندلی کے الزامات کے تعلق سے تھا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اپوزیشن نے EVM پر بہتان تراشی کی کوشش کی اور بھارت کے انتخابی کمیشن کو کمزور کیا۔ انہوں نے اپوزیشن کے انتخابی وعدوں پر بھی اُس کی نکتہ چینی کی اور الزام لگایا کہ اُس نے لوک سبھا انتخابات کی انتخابی مہم کے دوران لوگوں کو گمراہ کیا۔ جناب مودی نے یہ کہہ کر کانگریس کی نکتہ چینی کی کہ وہ اِس لوک سبھا انتخابات میں سیٹوں کے اعتبار سے 100 کے عدد کو بھی نہیں چھو پائی۔

S/B - Narendra Mod

BJP صدر جے پی نڈا نے کہا کہ NDA کو لگاتار تیسری مرتبہ لوک سبھا انتخابات میں اکثریت حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اڈیشہ اور آندھرا پردیش میں BJP کی کامیابی قابل تعریف ہے۔

RLD کے سربراہ جینت چودھری، پیوش گوئل اور انوراگ ٹھاکر سمیت کئی مرکزی وزراء اور دیگر لیڈر میٹنگ میں موجود تھے۔ اس کے علاوہ اتر پردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، گجرات کے وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل، مدھیہ پردیش کے وزیراعلی موہن یادو، گوا کے وزیراعلیٰ پرمود ساونت، آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما اور منی پور کے وزیراعلیٰ این بیرن سنگھ نے بھی میٹنگ میں شرکت کی۔x

## VICE PREZ

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے آج اِس بات کو اجاگر کیا کہ ایسا کئی برسوں کے بعد ہوا ہے کہ کسی وزیراعظم کو تیسری مدت کے لیے اِس عہدے کے لیے چنا گیا ہے۔ وائس پریسیڈینٹ انکلیو میں راجیہ سبھا انٹرنشپ پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر نے یہاں موجود افراد سے زور دے کر کہا کہ وہ ہمیشہ اِس بات کو

یقینی بنائیں کہ پارلیمنٹ جمہوریت کا سب سے بڑا مندر ہے اور یہ بحث، مذاکرات، تبادلۂ خیال اور غور و فکر کا مقام ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی انہیں کسی بات کا شبہ ہو تو وہ بھارتی آئین کے متن کی طرف رجوع کریں۔×

## NADDA MEETING

بہار کے وزیراعلیٰ اور JDU کے سربراہ نتیش کمار، مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ اور شیو سینا کے سربراہ ایک ناتھ شنڈے نے آج نئی دلی میں BJP صدر جے پی نڈا سے ملاقات کی۔ JDS لیڈر ایچ ڈی کماراسوامی اور RLD کے سربراہ جینت چودھری نے بھی BJP صدر سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے بعد، میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب چودھری نے بتایا کہ تبادلۂ خیال کیا اور وزیراعظم مودی کو NDA کے لیڈر کے طور پر چنا گیا۔×

## CEC LETTERS

اعلیٰ انتخابی کمیشنر راجیو کمار نے تمام ریٹرننگ افسروں اور ضلع انتخابی افسروں کے تئیں شکریے کا اظہار کیا ہے کہ انہوں نے لوک سبھا انتخابات کے دوران پوری سُرعت اور درستگی کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں کو ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف یہ کہ انہوں نے انتخابی کمیشن کے یقین کو برقرار رکھا بلکہ ادارہ جاتی وقار میں بھی اضافہ کیا۔

تمام ضلع مجسٹریٹس، ڈپٹی کمیشنر، ریٹرننگ افسران اور ضلع انتخابی افسران کے نام ایک خط میں جناب کمار نے اُن سے زور دے کر کہا کہ وہ انتخابات کے دوران درپیش چیلنجوں، ان کے تئیں ردعمل اور اپنی کامیابی کی کہانیوں کو تحریر کریں۔ انہوں نے یہ بات بھی زور دے کر کہی کہ وہ اپنے ضلعوں میں پوری انتخابی مشینری کو انتخابی کمیشن کی جانب سے کی گئی ستائش اور شکریے سے واقف کرا دیں۔

تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے پولیس کمشنر، SSP اور SP کے نام ایک اور خط میں اعلیٰ انتخابی کمشنر نے کمیشن کے آزادنہ، منصفانہ، پرامن اور شفاف انتخابات کرانے کے تصور کو قطعی درستگی کے ساتھ نافذ کرنے کے لیے ان کے تئیں ممنونیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ سازگار امن و قانون کی صورتحال پرامن طور پر انتخابات کرانے میں اہم رول ادا کرتی ہے۔×

## RBI COMMITTEE

RBI نے کہا ہے کہ ادائیگیوں میں دھوکہ دھڑی کے خطرات کو کم کرنے کی غرض سے وہ ڈیجیٹل ادائیگیوں سے متعلق ایک انٹیلی جنس پلیٹ فارم قائم کرنے پر غور کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں، مرکزی بینک نے نیشنل پیمنٹس کارپوریشن آف انڈیا کے سابق MD اور CEO جناب اے پی ہوٹا کی صدارت میں ایک کمیٹی تشکیل دی ہے جو

اس کے مختلف پہلوؤں کا تجزیہ کرے گی۔ توقع ہے کہ یہ کمیٹی دو مہینے میں اپنی سفارشات پیش کرے گی۔ RBI کا کہنا ہے کہ حالانکہ ادائیگی کے نظام میں ڈیجیٹل دھوکہ دھڑی سے صارفین کو محفوظ رکھنے کے لیے کئی اقدامات پائے جاتے ہیں۔ تاہم نیٹ ورک سطح کی انٹیلی جنس اور ادائیگیوں کے تمام نظاموں میں بروقت ڈیٹا کو ایک دوسرے تک پہنچانے کی ضرورت ہے تاکہ اِس طرح کی دھوکہ دھڑی کی روک تھام کی جا سکے۔×

## INDIA FOREX RESERVES

بھارت کے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر 4 اعشاریہ آٹھ تین ارب ڈالر کے اضافے کے ساتھ اب تک کی سب سے بلند ترین سطح 651 اعشاریہ پانچ ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں۔ یہ اضافہ 31 مئی کو ختم ہوئے ہفتے میں درج کیا گیا۔

ممبئی میں آج پالیسی کے بعد کی اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر شکتی کانت داس نے کہا کہ ملک کے غیر ملکی شعبے نے مزاحمت کو جاری رکھا ہے۔

چالو کھاتے کے خسارے میں آئی کمی، بیرونی قرضوں GDP کے تناسب سے ہونے اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کی مجموعی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے جناب داس نے کہا کہ ریزرو بینک اِس بات کے تئیں پُر اعتماد ہے کہ وہ مالیے کی بیرونی ضروریات کو آسانی سے پورا کرے گا۔

RBI گورنر نے مزید کہا کہ زرِمبادلہ، خدمات کی برآمدات اور تجارتی خسارے میں کمی کی بدولت مالی سال 2025 میں چالو کھاتے کے خسارے کے اپنی قابلِ برداشت حد میں رہنے کی امید ہے۔

جناب داس نے کہا کہ بھارت نے پچھلے سال بھارت بحرالکاہل خطے میں گرین فیلڈ راست بیرونی سرمایہ کاری کیلئے سب سے پُرکشش مقام کی اپنی حیثیت برقرار رکھی ہے۔

اِس دوران RBI کی پریس ریلیز کے مطابق مجموعی غیر ملکی زر مبادلہ کا سب سے بڑا حصہ، غیر ملکی کرنسی کے ذخائر بھی 5 اعشاریہ صفر چھ پانچ ارب ڈالر کے اضافے کے ساتھ 572 اعشاریہ پانچ چھ ارب ڈالر ہوگئے ہیں۔ وہیں سونے کے ذخائر میں کمی آئی ہے جو متعلقہ ہفتے کے دوران 212 ملین ڈالرس کم ہو کر 5 اعشاریہ پانچ صفر ارب ڈالرس رہ گئے ہیں۔

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ،IMF سے رقم نکالنے کا ملک کے اختیار میں بھی کمی آئی اور اب یہ 17 ملین ڈالر کی کمی کے ساتھ 18 اعشاریہ ایک ایک ارب ڈالر رہ گیا ہے۔X

## NHAI TOLL

بھارت کی قومی شاہراہوں سے متعلق اتھارٹی NHAI نے کمپنیوں سے عالمگیر Expression of Interest طلب کیے ہیں تاکہ ملک میں GNSS پر مبنی ٹول کی الیکٹرانک وصولی کے نظام کو تیار کیا جا سکے اور اُس پر عمل کیا جا سکے۔ NHAI کا ارادہ ہے کہ وہ موجودہ FASTag نظام کے اندر GNSS پر مبنی ٹول کی الیکٹرانک وصولی کے نظام پر عمل کرے تاکہ قومی شاہراہوں کو استعمال کرنے والوں کو بلارکاوٹ ٹول نظام میسر آ سکے۔ ×

## J&K SHRI AMARNATH JI YATRA

جموں و کشمیر میں جموں کے ڈیویژنل کمشنر رمیش کمار اور جموں زون کے ADGP آنند جین نے شری امرناتھ جی یاترا 2024 کیلئے تیاریوں کا جائزہ لینے کی خاطر آج بھگوتی نگر یاتری نواس کا دورہ کیا۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ڈیویژنل کمشنر کو مختلف محکموں میں جاری کاموں کی صورتحال سے مطلع کیا گیا۔ ان کاموں میں صد دروازے کی تزئین نو، سڑکوں کی مرمت، پارکنگ گراؤنڈ کی سطح کی ہمواری، رنگ و روغن، بیت الخلاء کی تجدید کاری، ایئرکنڈیشن اور پنکھوں کی مرمت، Lights، Flood Lights نصب کرنا شامل ہیں تا کہ یاتری نواس میں یاتریوں کو بہترین سہولیات فراہم کرائی جا سکیں۔

## NIA PFI

قومی تحقیقاتی ایجنسی، NIA نے پاپولر فرنٹ آف انڈیا، PFI سے تعلق رکھنے والے رُکن کی جائیداد قرق کرلی۔ یہ کارروائی سال 2016 میں کوئمبٹور میں ہندو فرنٹ کے لیڈر کے قتل سے متعلق معاملے میں کی گئی۔

NIA کے مطابق، ملزم Subair کی جائیداد، چنئی کے پُونا کلّی کی خصوصی NIA عدالت کے احکامات کی بِنا پر قرق کی گئی ہے۔

Subair اور دیگر ملزمین، کوئمبٹور میں ہندو فرنٹ کے ترجمان C سسی کُمار کے بہیمانہ قتل میں ملوث تھے۔X

## IMD HEATWAVE

محکمہ موسمیات نے اگلے چار دنوں تک مشرقی بھارت، اُترپردیش اور مدھیہ پردیش میں سخت گرمی کی صورتحال جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

وہیں مشرقی بھارت میں اگلے دو دنوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 2 سے 3 ڈگری تک بڑھ سکتا ہے۔

اِسی طرح جھارکھنڈ، بہار، اوڈیشہ، پنجاب اور ہریانہ میں بھی شدید گرمی کی صورتحال جاری رہے گی۔ دوسری جانب مہاراشٹر اور شمالی کرناٹک کے اندرونی حصوں میں اگلے پانچ دن کے دوران شدید سے شدید ترین بارش کی

پیشگوئی کی گئی ہے۔

اِسی طرح ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سِکم، آسام، میگھالیہ، اروناچل پردیش اور ناگالینڈ میں بھی موسلادھار بارش کا امکان ہے۔X

## YOGA AKASHWANI & DD

اطلاعات و نشریات کی وزارت یوگا کے عام طور طریقوں اور اُنہیں اپنانے کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے مقصد سے مختلف سرگرمیاں انجام دے گی۔

وزارت کے سکریٹری سنجے جاجو اور آیوش کی وزارت کے سکریٹری ویدیہ راجیش کو ٹیچانے آج نئی دلی میں اِس سال ہونے والے یوگا کے بین الاقوامی دن کے تحت لوگوں تک رسائی حاصل کرنے کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

عوامی نشریاتی ادارہ پرسار بھارتی، دوردرشن اور آکاشوانی کے ذریعے اِس موقع پر خصوصی پروگراموں کو نشر اور ٹیلی کاسٹ کرے گا۔

وزارت نے کہا کہ دوردرشن اپنے خصوصی لائیو مارننگ شوز کے علاوہ یوگا ماہرین کے انٹرویوز بھی نشر کرے گا۔

وہیں آکاشوانی بھی مورارجی دیسائی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف یوگا کے اشتراک سے یوگا کو بطور طریقہ زندگی فروغ دینے کیلئے پروگراموں کو نشر کرے گا۔

اس کے علاوہ آیوش کی وزارت نے ایک گیت تیار کیا ہے۔ جو سبھی میڈیا پلیٹ فارمز پر جاری کیا جائے گا۔

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے مزید کہا کہ وہ بین الاقوامی یوگا دن میڈیا سمّان کے ذریعے پرائیویٹ میڈیا اداروں کی بھی اس پہل میں حوصلہ افزائی کرے گا۔ وزارت نے گزشتہ سال میڈیا ہاؤسیز اور پرنٹ میڈیا کی کمپنیوں، TV اور ریڈیو کے ذریعے یوگا کا پیغام عام کرنے والوں کیلئے ''انتر راشٹریہ یوگا دِوس میڈیا سمّان'' شروع کیا ہے۔X

## CHATTISGARH ENCOUNTER

چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن میں آج ایک تصادم میں پانچ ماؤنواز ہلاک ہوئے۔ یہ تصادم نارائن پور اور دانتے واڑا ضلعے کی سرحد پر پیش آیا۔ ×

## INDONESIA DEATH

انڈونیشیا کے مشرقی صوبے Nusa Tenggara میں آج زمین کھسکنے کے ایک واقع میں ایک خاتون اور دو

بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے چار افراد ہلاک ہو گئے۔ زمین کا تودہ ٹوٹ کر کر اِن کے مکان پر آ گرا۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق یہ تباہ کن واقعہ Ende خطے کے Rewarangga گاؤں میں اُس وقت پیش آیا جب یہ لوگ اپنے گھر میں سوئے ہوئے تھے۔ Ende کے پولیس کے سربراہ Sudarmin Syafrudin نے مقامی میڈیا کو بتایا کہ یہ خاندان دس مربع میٹر کے ایک ہی منزل پر بنے مکان میں قیام پذیر تھا۔ انہوں نے بتایا کہ جب یہ واقعہ پیش آیا تو پورے علاقے میں زبردست بارش ہو رہی تھی۔ ×

## ISSF MEDAL

بھارت کی ماہر نشانے باز صفت کور سمرا نے میونخ میں عالمی شوٹنگ اسپورٹ فیڈریشن (ISSF) کے آج آخری دن رائفل اور پسٹل عالمی کپ میں 50 میٹر رائفل 3 پوزیشن مقابلے میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ اس عالمی کپ میں بھارت نے دو تمغے حاصل کئے۔

Sarabjot Singh نے کل مردوں کے 10 میٹر Air Pistol کے مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ صفت نے چار سو باون اعشاریہ نو پوائنٹ پر نشانہ لگایا اور وہ محض 0.1 کے فرق سے خواتین کے عالمی Air Rifle مقابلے میں چاندی کا تمغہ حاصل کرنے سے محروم رہ گئیں جو چین کی Han Jiayu کو ملا۔ عالمی نمبر ایک برطانیہ کی شیونا میکنتاش نے 466.7 کے اسکور سے سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔X

☆☆☆☆☆